22737-نکاح کا اعلان کرنا

سوال

شادی کے بارہ میں ایک سوال میں آپ نے شادی کے اعلان کا ذکر کیا ہے اس کا سبب کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

نکاح کا اعلان کرنا واجب ہے اور اس کا سبب مندرجہ ذیل ہے :

1–کہ سنت نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اس کا حکم دیا گیا ہے :

فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے :

(اس نکاح کا اعلان کرو) مسند احمد، علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح الجامع (1072) میں اسے حسن کہا ہے ۔

2–اس لیے کہ نکاح شرعی کی زنا وغیرہ سے تمیز ہو سکے ، کیونکہ زنا خفیہ طور پر کیا جاتا ہے ، لیکن نکاح شرعی اعلانیہ اور لوگوں کے سامنے ظاہر ہوتا ہے تاکہ اس میں تمیز کی جا سکے ، اور نکاح کے اعلانیہ کرنے کی حکمت بھی یہی ہے ، کہ تہمت سے بچا جائے ۔ .